Urdu

Gangmasters &
Labour Abuse Authority

کارکنان کے حقوق

کمزور اور استحصال کے شکار کارکنان کو تحفظ فراہم کرنا

آپ کے ملازمتی حقوق

برطانوی قانون کے تحت ایک ملازم کی حیثیت سے آپ کے حقوق کو تحفظ حاصل ہے۔ بعض حقوق کا اطلاق تو آپ کو ملازمت ملتے ہی ہو جاتا ہے جبکہ دیگر کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ آپ کتنی مدت تک ملازمت سے وابستہ رہتے ہیں۔ اس حصّہ میں ان چیزوں کی تفصیلات درج ہیں جن کی آپ کو اپنے آجر سے توقع کرنی چاہیے۔ یہ آپ کے قانونی حقوق ہیں۔

قومی کم از کم اجرت

اگر آپ کسی مستقل ملازمت سے وابستہ ہیں، کسی مختصر مدتی معاہدے پر ہیں یا کسی ایجنسی کے لیے کام کر رہے ہیں تو جو انتہائی کم از کم آپ کو موصول ہونی چاہیے وہی درست کم از کم اجرت ہے۔ یہ قومی کم از کم اجرت (National Minimum Wage [NMW]) یا قومی کم از کم رہائشی اجرت (National Living Wage [NLW]) ہو سکتی ہے، جس کا انحصار آپ کی عمر پر ہوگا۔

اگر آپ 'پیس ورک' کے حساب سے کام کرتے ہیں (مثال کے طور پر ان آئٹمز کی تعداد کے لحاظ سے جو آپ مکمل کرتے ہیں، پیک کرتے ہیں، چنتے ہیں وغیرہ) تو اس صورت میں بھی آپ کی یافت متعلقہ کم از کم لازمی اجرت کے مساوی ہونی چاہیے۔ البتہ اس کے کچھ مستثنیات ہیں، جن میں خود بر سر روزگار لوگ اور رضاکارانہ ملازمتیں شامل ہیں۔

کم از کم اور رہائشی اجرت کی شرحوں سے متعلق مزید معلومات کے لیے **GOV.UK** پر جائیں اور **'NMW'** تلاش کریں۔

کام کے گھنٹے

آپ کو کسی صورت سے فی ہفتہ 48 گھنٹوں سے زیادہ کام کے لیے مجبور نہیں کیا جانا چاہیے، بشمول اوورٹائم کے، سوائے اس کے کہ آپ ایسا کرنے کا خود ہی فیصلہ کریں۔

آپ کو فی ہفتہ کم از کم ایک دن یا ہر دو ہفتوں پر دو دنوں کی چھٹی لینے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ یومیہ چھ گھنٹوں سے زیادہ کام کرتے ہوں تو آپ کو کم از کم 20 منٹوں پر مشتمل آرام کا ایک وقفہ ملنا چاہیے۔

سالانہ چھٹی

آپ کو از روئے قانون سال میں با تنخواہ چھٹیوں کی کم از کم ایک تعداد کا حق حاصل ہے، جس کی شروعات کام پر آپ کے پہلے دن سے ہوگی۔ اس میں جزو وقتی اور مقررہ میعاد والے معاہدے پر کام کرنے والے لوگ شامل ہیں۔ تازہ ترین معلومات کے لیے **GOV.UK** پر **'pay and work rights'** (کام اور مزدوری سے متعلق حقوق) تلاش کریں۔

چھٹیوں سے متعلق آپ کے حقوق کی تفصیلات آپ کے ملازمتی معاہدے میں درج ہونی چاہئیں۔ یہ آپ کے معمول کے کام کے گھنٹوں (جزو وقتی کارکنان کے لیے پرو ریٹا) پر مبنی ہوتی ہیں، جس کے آپ اپنے آجر کے لیے جتنی مدت کام کرتے ہیں اسی دوران مستحق ہوتے ہیں اور جن کی ادائیگی آپ کے معمول کے کام کی شرح کے لحاظ ہونی چاہیے۔ یہ فیصلہ آپ کا آجر کرے گا کہ آپ چھٹی پر کب جائیں گے لیکن اگر آپ کو اجازت حاصل ہونے میں دقت ہو رہی ہے تو آپ کو GLAA کو کال کرنا چاہیے۔

اپنی ملازمت چھوڑتے وقت آپ کو کسی بھی ایسی چھٹی کا معاوضہ ملنا چاہیے جن کے آپ حقدار ہوں اور نہ لی ہو۔ اگر آپ کا آجر آپ کو کوئی چھٹی لینے کی اجازت نہ دے یا اگر آپ چھٹی کے عوض ادائیگی کے حقدار ہوں تو آپ Acas Helpline (اے سی اے ایس ہیلپ لائن) یا Citizens Advice (شہریوں کے لیے صلاح) سے رقم واپس کرنے کا مطالبہ کرنے سے متعلق رہنمائی کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اضافی رابطہ کے نمبر حاصل کرنے میں مدد کے لیے **www.gla.gov.uk/contacts** ملاحظہ کریں۔

مد وار پے سلپ

جس دن آپ کو ادائیگی کی جاتی ہے اس دن آپ کو ایک پے سلپ موصول ہونی چاہیے، جس میں آپ کی مجموعی تنخواہ اور آپ کے ہاتھ میں ملنے والی تنخواہ کی صراحت ہونی چاہیے۔ یہ کوئی پرنٹ شدہ یا برقی دستاویز ہو سکتی ہے اور اس میں رقم اور آپ کی تنخواہ سے منہا کی جانے والی کٹوتیوں کی وجہ کا بھی ذکر ہونا چاہیے۔

ٹیکس اور قومی بیمہ جیسی کٹوتیوں میں ہفتہ واری تبدیلیاں ہو سکتی ہیں اور ہر ایک پے سلپ پر اس کی فہرست درج ہونی چاہیے۔ آپ کو اپنی متفقہ تنخواہ ہر وقت ملنی چاہیے اور اس میں کسی چھٹی یا بیماری کے عوض آپ کو ادا کی جانے والی ادائیگی شامل ہے۔

اجرتوں کی کٹوتیاں

آپ کا آجر آپ کی اجرتوں سے صرف مخصوص کٹوتیاں ہی کر سکتا ہے اور انہیں لازماً آپ کی پے سلپ پر ذکر کیا جانا چاہیے۔ آپ کو ہمیشہ وہ 'خالص رقم' موصول ہونی چاہیے جو کہ تمام کٹوتیاں منہا کرنے کے بعد سلپ پر ظاہر ہو۔

کچھ کٹوتیاں آئینی ہیں، جیسے ٹیکس اور قومی بیمہ کے اشتراکات، اور دیگر چیزیں جن پر ہو سکتا ہے آپ نے اپنی ملازمت کے معاہدے میں اتفاق کیا ہو، مثال کے طور پر رہائش یا ٹرانسپورٹ کے چارجیز۔ برائے مہربانی نوٹ کر لیں کہ معاہدوں میں مذکور کچھ کٹوتیاں ہو سکتا ہے قانونی نہ ہوں۔ اگر آپ پر یقین نہ ہوں تو GLAA سے دریافت کر لیں۔

خواہ آپ نے کسی کٹوتی پر رضامندی دے رکھی ہو آپ کی تنخواہ لازماً ضروری کم از اجرت سے کم نہیں ہونی چاہیے، رہائش کے لیے ایک محدود رقم اس سے مستثنی ہے۔ مزید معلومات کے لیے **GOV.UK** پر **'pay and work rights'** (کام اور مزدوری سے متعلق حقوق) تلاش کریں۔

صحت اور سلامتی

آپ کا آجر کام کی جگہ پر آپ کی صحت اور سلامتی کے لیے ذمہ دار ہے۔ جہاں کہیں موزوں ہو آپ کو صحت اور سلامتی کی معلومات، تربیت، حفاظتی لباس اور کوئی ضروری تبدیلیاں (ری پلیسمینٹ) بلا معاوضہ موصول ہونی چاہئیں۔

بیماری کی چھٹی کا معاوضہ

آپ کی ملازمت کے معاہدہ میں یہ تفصیل درج ہونی چاہیے کہ اگر آپ بیماری کے دوران چھٹی پر ہیں تو آپ کو کتنی ادائیگی موصول ہوگی۔ کم از کم رقم جس کے آپ برطانیہ میں مستحق ہوں گے وہ Statutory Sick Pay [SSP] (بیماری کی چھٹی کے لیے لازمی معاوضہ ہوتا ہے [ایس ایس پی])۔ اس کا اطلاق تب ہوتا ہے جب آپ لگاتار چار یا اس سے زیادہ دن تک کام سے غیر حاضر رہتے ہیں۔ دیگر حالات میں آپ کا معاہدہ آپ کو اضافی ادائیگی یا منفعتیں دے سکتا ہے۔

آپ کی شرائط وضوابط

یہ آپ اور آپ کے آجر کے درمیان ایک معاہدہ ہے۔ قانونی طور پر، اگر آپ ایک ماہ سے زیادہ کے لیے ملازمت پر رکھے گئے ہیں تو آپ کو لازماً شرائط وضوابط کی تحریری تفصیلات دی جانی چاہئیں۔

کام شروع کرنے کے بعد دو ماہ کے اندر آپ کو ملازمت کی شرائط وضوابط تحریری شکل میں موصول ہونے چاہئیں، اور ان میں درج ذیل معلومات لازماً شامل ہونی چاہئیں:

- آپ کا نام
- آپ کس کے لیے کام کریں گے
- آپ کس طرح کا کام کریں گے
- آپ کے کام شروع کرنے کی تاریخ
- آپ کے کام کی جگہ
- آپ کی ادائیگی کی شرح اور آپ کو کتنی بار ادائیگی کی جائے گی (ہفتہ واری یا ماہانہ)
- کام کے گھنٹے
- چھٹی کا استحقاق
- بیماری کی چھٹیوں کے عوض ادائیگی کا استحقاق
- نظم وضبط، برطرفی اور شکایات سے متعلق کارروائیاں
- اگر آپ مستعفی ہو رہے ہوں تو وہ نوٹس جو آپ کے لیے دینا ضروری ہے، یا وہ جو برطرفی کے بعد آپ کو موصول ہونا ضروری ہے

آپ کا آجر صرف آپ کی اجازت کے تحت ہی آپ کے معاہدے کی شرائط وضوابط میں ترمیم کر سکتا ہے۔

ہم سے رابطہ کریں

Gangmasters &
Labour Abuse Authority

PO Box 10272, Nottingham, NG2 9PB

www.gla.gov.uk

ای میل: **intelligence@glaa.gsi.gov.uk**

+44 (0)345 602 5020

مفت خفیہ اطلاع کرنے کی لائن:

0800 432 0804

مزید معلومات کے لیے **www.gla.gov.uk/contacts ملاحظہ کریں**

UNIVERSITY of DERBY

Gangmasters & Labour Abuse Authority

لیفلیٹ کے لیے مالی تعاون دینے والے ادارے کا نام

GLAA Academy

University of Derby

کی شراکت میں

GLAA کے بارے میں

Gangmasters & Labour Abuse Authority (GLAA) ایک ادارہ ہے جسے ملازمین کے استحصال کی روک تھام کے لیے قائم کیا گیا ہے۔

ہمیں ایسے ماہر محققین کی خدمات حاصل ہیں جو کہ ملازمین کے مسائل کو حل کرنے پر قادر ہوتے ہیں خواہ ان مسائل کا تعلق کم مزدوری دینے سے ہو یا جبری مزدوری کے جرائم سے ہو، متعلقہ انسانوں کی تجارت سے ہو اور جدید غلامی کی دیگر شکلوں سے ہو۔

GLAA مستقل 'گینگ ماسٹرز' یعنی ان کمپنیوں اور افراد کے لیے مضبوط لائسنسنگ اسکیم چلاتا ہے جو کہ برطانیہ کے تازہ پیداواری سیکٹر میں کام کرنے کے لیے کارکنان فراہم کرتے ہیں۔ یہ زراعت، باغبانی، گھونگھے اکٹھا کرنے اور تمام متعلقہ پراسیسنگ اور پیکیجنگ کے کام کا احاطہ کرتا ہے۔

لائسنس کے حاملین تمام گینگ ماسٹرز کے لیے لائسنس کے سخت ضابطوں کے ایک مجموعہ کی تعمیل کرنا لازمی ہے۔ بغیر لائسنس کے مذکورہ بالا صنعتوں میں عارضی طور پر کارکنان فراہم کرنا ایک مجرمانہ فعل ہے جس کے لیے زیادہ سے زیادہ 10 سال جیل کی سزا ہے۔ کسی غیر لائسنس یافتہ مزدور فراہم کنندہ کے ساتھ انتظامات میں شامل ہونا بھی ایک مجرمانہ فعل ہے۔ اس کے لیے زیادہ سے زیادہ چھ ماہ کی سزا ہے۔

کارکنان کے استحصال کی روک تھام میں مدد کریں

ہمیں آپ کے حقوق کو تحفظ فراہم کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے آپ کی مدد درکار ہے کہ آپ ان حالات میں کام کرتے ہیں جن کے آپ از روئے قانون مستحق ہیں۔ برائے مہربانی اگر آپ محسوس کرتے ہوں کہ آپ کے ساتھ درست، منصفانہ یا جائز معاملہ نہیں کیا گیا ہے تو ہم سے رابطہ کریں۔

آپ کی اطلاع کے بغیر ہم کچھ نہیں کر سکتے

آپ کو:

- **0345 602 5020** پر کال کرنا چاہیے (دوسرا اختیار) ہم سے براہ راست بات کریں - پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے تا شام 5 بجے (مترجمین دستیاب ہیں)
- ای میل کریں **intelligence@glaa.gsi.gov.uk**
- ہماری خفیہ رپورٹنگ لائن کو مفت کال کریں **0800 432 0804**
- ہماری ویب سائٹ کے ذریعہ معلومات جمع کریں **www.gla.gov.uk**
- GLAA, PO Box 10272, Nottingham, NG2 9PB کے پتہ پر ہمیں خط بھیجیں

اگر آپ کسی تجربہ کار صلاح کار کے ساتھ اپنے ملازمتی حقوق پر بات چیت کرنا چاہتے ہوں تو اپنے مقامی Citizens Advice Bureau (شہریوں کے لیے صلاح بیورو) سے رابطہ کریں یا ACAS ہیلپ لائن کو **0300 123 1100** پر کال کریں۔

GLAA کے لائسنس سے متعلق ضابطے

برطانوی قانون کی رو سے آپ کے آجر کے لیے ملازمین کو خراب برتاؤ اور استحصال سے محفوظ رکھنا لازمی ہے۔

یہی قوانین آپ کو مخصوص حقوق عطا کرتے ہیں اور ان کا تعلق درج ذیل چیزوں سے ہے:

- آپ کی اجرتیں - آپ کو قومی کم از کم مزدوری موصول ہونی چاہیے
- آپ کو چھٹیوں کے عوض کتنی ادائیگی موصول ہوتی ہے
- آپ کے معاہدے میں درج شرائط وضوابط
- کام کے دوران وقفوں کی مدت اور کثرت
- کام کی جگہ پر آپ کے ساتھ کیسا معاملہ کیا جاتا ہے
- اس طرح آپریٹ کر کے آپ کی صحت، بہبود اور سلامتی کی حفاظت کرنا جو کہ آپ کو محفوظ رکھتا ہو اور / یا آپ کو ضروری ہونے کی صورت میں حفاظتی ساز وسامان فراہم کرتا ہو
- اگر آپ کا آجر رہائش اور ٹرانسپورٹ فراہم کرتا ہے تو اس کا معیار

GLAA کے لائسنس سے متعلق ضابطے – جاری

بعینہ انہی حقوق کو ان ضابطوں کے تحت بھی تحفظ حاصل ہے جن کا اطلاق GLAA لائسنس پر ہوتا ہے۔

آپ کے آجر کے پاس ایک تازہ لائسنس موجود ہونا چاہیے اگر آپ کو زراعت، باغبانی، گھونگھے اکٹھا کرنے یا اس سے وابستہ کسی پراسیسینگ اور پیکیجنگ کے لیے ملازمت پر بھیجا جا رہا ہے۔

اگر آپ کو تشویش ہو کہ کوئی شخص بغیر لائسنس کے آپریٹ کر رہا ہے، یا اپنے قانونی تقاضوں کو پورا نہیں کر رہا ہے تو برائے مہربانی GLAA سے رابطہ کریں۔